Serial No. of Answer Book ..............................

MRD-IX-08(A)

# جغرافیہ (نہم)

Roll No. ..............................

Fic. No.

جغرافیہ (نہم)

Fic. No.

کل وقت: 3 گھنٹے — کل نمبر: 75

## سیکشن "الف" (معروضی)

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ: اس حصے کیلئے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملیگا۔

سوال 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) سرسید احمد خان نے MAO کالج کی بنیاد ..................... میں رکھی۔

(الف) 1870 (ب) 1875 (ج) 1877 (د) 1880

(ii) کاریز کا نظام ..................... میں رائج ہے۔

(الف) سندھ (ب) بلوچستان (ج) پنجاب (د) سرحد

(iii) تربیلا ڈیم دریائے ..................... پر تعمیر کیا گیا ہے۔

(الف) کابل (ب) سندھ (ج) جہلم (د) چناب

(iv) کے ٹو کی چوٹی ..................... میں واقع ہے۔

(الف) چترال (ب) گلگت (ج) سوات (د) ہزارہ

(v) ..................... پاکستان کا سب سے بڑا گیس کا ذخیرہ ہے۔

(الف) سوئی (ب) مچھ (ج) زم زمہ (د) پیرکوہ

(vi) پاکستان آرڈی ننس فیکٹری ..................... میں واقع ہے۔

(الف) کراچی (ب) لاہور (ج) راولپنڈی (د) واہ

(vii) پاکستان میں سب سے زیادہ بارش ..................... میں ریکارڈ کی جاتی ہے۔

(الف) لاہور (ب) سیالکوٹ (ج) مری (د) راولپنڈی

(viii) معاہدہ سندھ طاس پر دستخط ..................... میں ہوا۔

(الف) 1960 (ب) 1965 (ج) 1970 (د) 1975

(ix) پاکستان کے جنوب مشرق میں ..................... واقع ہے۔

(الف) چین (ب) بھارت (ج) ایران (د) افغانستان

(x) جھیل سیف الملوک ..................... میں واقع ہے۔

(الف) پنجاب (ب) سندھ (ج) سرحد (د) بلوچستان

(xi) پاکستان میں زیرِ جنگلات رقبہ ..................... فی صد ہے۔

(الف) 3.8 (ب) 4.8 (ج) 6 (د) 8.5

(xii) پاکستان کا نام ..................... نے تجویز کیا۔

(الف) سرسید احمد خان (ب) علامہ اقبال (ج) محمد علی جناح (د) چوہدری رحمت علی

(xiii) پاکستان کا سب سے گنجان آباد شہر ..................... ہے۔

(الف) پشاور (ب) لاہور (ج) فیصل آباد (د) کراچی

(xiv) صحرائے تھر ..................... صوبہ میں واقع ہے۔

(الف) پنجاب (ب) سندھ (ج) سرحد (د) بلوچستان

(xv) پاکستان اور چین کو ملانے والا درہ ..................... کہلاتا ہے۔

(الف) بابوسر (ب) خنجراب (ج) شندور (د) خیبر

Result.pk

MRD-IX-08(A)

# جغرافیہ (نہم)

نمبر 36 ... وقت 2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن ''ب''

سوال 2 مندرجہ ذیل سوالات میں سے 9 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

i- کراچی اور اسلام آباد کے درمیان بنیادی فرق کو واضح کریں۔

ii- سطح مرتفع بلوچستان کو بیان کریں۔

iii- پاکستان کے اہم درآمدات کون سے ہیں؟

iv- باقی ماندہ اور منتقل شدہ مٹی کے درمیان فرق واضح کریں۔

v- جنگلات کی کٹائی سے پیدا ہونے والے اثرات کا پاکستانی معیشت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

vi- پاکستان میں آبادی کی گنجانی پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کریں۔

vii- دریائے سندھ کے بالائی میدان میں اہم دوآب لکھیں۔

viii- سرسید احمد خان نے علی گڑھ میں سکول اور کالج کیوں قائم کئے؟

ix- تقسیم بنگال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

x- پاکستان کے اہم گھریلو صنعتوں کے بارے میں لکھیں۔

xi- پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت کیا ہے؟

xii- ماحولیاتی آلودگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

## سیکشن ''ج''

نمبر: 24

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 3 1940 کا قرارداد لاہور پاکستان بننے کا بنیادی سبب تھا۔ واضح کریں۔

سوال 4 آب وہوا کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے خطوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ ہر ایک خطے کو مختصر بیان کریں۔

سوال 5 طبعی لحاظ سے پاکستان کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ کسی ایک حصے پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال 6 پاکستان کے اہم زرعی مسائل بیان کریں۔

Result.PK